وقت پوچھنا بتانا

دو دوست بیٹھے ہیں، آپس میں باتیں کر رہے ہیں۔

ایک دوست؛ اوہو، میری گھڑی تو بند پڑی ہے۔ چھوٹا کانٹا بارہ کے قریب ہے اور بڑا کانٹا ٹھیک ۹ پر ہے اور سیکنڈ کا کانٹا بھی بارہ پر ہی ہے۔ اس کا مطلب میری گھڑی ٹھیک پونے بارہ بجے بند ہوگئی۔ سنو، ابھی کیا وقت ہے؟

دوسرا دوست؛ ابھی ڈھائی بجنے والے ہیں۔ ابھی بجے نہیں، بلکہ تقریبا دو بج کر اٹھائیس منٹ ہوئے ہیں۔

پہلا دوست؛ اچھا، تو احمد کو تو سوا دو بجے تک آنا تھا، وہ اب تک نہیں آیا۔

دوسرا دوست؛ نہیں، نہیں، وہ کسی کام میں مصروف ہوگیا ہے۔ اب نہیں آئے گا۔

پہلا دوست؛ تمھیں کیسے پتہ؟

دوسرا دوست؛ اس نے مجھے فون کیا تھا۔

پہلا دوست؛ کب کیا تھا فون؟

دوسرا دوست؛ کافی دیر پہلے، کوئی ڈیڑھ یا پونے دو بجے۔ کامران کے جانے سے کچھ دیر بعد کیا تھا۔

پہلا دوست؛ کامران تو کوئی ایک بجے یا سوا بجے واپس گیا تھا۔

دوسرا دوست؛ ہاں، وہ سوا بجے واپس گیا تھا، اس کے جانے کے ۵ منٹ بعد یا کچھ اور بعد میں احمد نے فون کیا تھا۔

پہلا دوست؛ مگر ہم دونوں کے درمیان اس سے کچھ ہی پہلے، تقریبا ساڑھے بارہ یا پون بجے فون پر بات ہوئی تھی۔ اس کے کچھ ہی دیر بعد اس نے پروگرام بدل ڈالا!

دوسرا دوست؛ ہاں، کوئی بات ہوگی۔ چلو، اب بیٹھ کر کیا کریں۔ ہمیں اگلی بس مل جائے گی۔

پہلا دوست؛ کب جائے گی اگلی بس؟

دوسرا دوست؛ تین بجنے میں بیس منٹ کم پر۔ پھر دس منٹ بعد دو بج کر پچاس منٹ پر بھی ایک بس جائے گی۔ اس کے بعد پھر تین بج کر دس منٹ پر ہی جائے گی۔

پہلا دوست؛ کوئی بات نہیں۔ ہر آدھے پون گھنٹے کے بعد بھی بس تو جاتی ہی رہے گی۔

دوسرا دوست؛ مگر ہمیں ساڑھے تین بجے تک پہنچ جانا ہے۔ اس کے بعد گھنٹے بھر تک کراچی کے لیے پھر کوئی

ریل گاڑی نہیں ملے گی-

پہلا دوست؛ ہاں، مگر ساڑھے چار کے بعد ہر گھنٹے آدھے گھنٹے کے وقفے سے ریل گاڑیاں چلتی رہتی ہیں-

دوسرا دوست؛ گھنٹوں کا سفر ہے- کوئی منٹوں سکنڈوں کا نہیں- چلو راستے کے لیے کچھ کھانے پینے کی چیزیں خرید لیں-

پہلا دوست؛ اچھا، اب تمھاری گھڑی میں کیا وقت ہو رہا ہے؟

دوسرا دوست؛ اب تو میری گھڑی میں دو بج کر ۳۵ منٹ ہو رہے ہیں-

پہلا دوست؛ مگر وہاں دیکھو، اس دیوار کی گھڑی میں تو اب ڈھائی بجے ہیں-

دوسرا دوست؛ وہ گھڑی سست ہے-

پہلا دوست؛ تمھاری گھڑی تیز بھی تو ہو سکتی ہے-

دوسرا دوست؛ نہیں نہیں، میری گھڑی بالکل صحیح وقت دیتی ہے- میں ہر دو چار دن بعد گھڑی کو جانچتا رہتا ہوں-

پہلا دوست؛ اچھا، اب کتنے بجے ہیں؟

دوسرا دوست؛ دو بج کر ۳۷ منٹ-

پہلا دوست؛ اور جب ہم یہاں آئے تھے تو کیا بجا تھا؟

دوسرا دوست؛ پون بج چکا تھا اور ایک بجنے والا تھا-